(4)

بخدمت جناب سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن آف پاکستان (اسلام آباد)

درخواست برائے بحالی حلقہ پرانہ PK-27 نیو (PK-55) پٹوار سرکل شاہ بٹ خیل، دیوان خیل UC پرخوڈھیری، تحصیل تخت بھائی، ضلع مردان۔

جناب عالی:۔ درخواست حسب ذیل عرض ہے۔

۱۔ یہ کہ پٹوار سرکل شاہ بٹ خیل، دیوان خیل، UC پرخوڈھیری پرانہ PK-27 نیو (PK-55) کا حصہ تھا۔

۲۔ یہ کہ نئے حلقہ بندیوں میں شاہ بٹ خیل و دیوان خیل کو پرانے PK-27 نیو PK-55 سے علیحدہ کر کے پرانے PK-28 نیو PK-48 میں شامل کیا گیا ہے۔

۳۔ یہ کہ سرکل شاہ بٹ خیل تحصیل تخت بھائی کا حصہ ہے۔ جو کہ اب تحصیل کاٹلنگ کے صوبائی حلقہ PK-48 میں شامل کیا گیا ہے۔

۴۔ یہ کہ نئے حلقہ PK-48 کی مرکزی مقامات کوہی، میاں خان، سنگاؤں، الو، قاسمی، تحصیل کاٹلنگ ہیں۔ جہاں جانے کے لیے شاہ بٹ خیل کے عوام کو ہوسئی، عمر آباد، غنوڈھیری، چن چنوخٹ وغیرہ سے تقریباً 18 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنا ہوگا۔ اور پرانے PK-27 نیو PK-55 کے مرکزی مقامات ہاتھیان، شیر گڑھ، لوندخوڑ ہیں جو کہ 5 کلومیٹر کے فاصلے پر ہیں۔

۵۔ یہ کہ شاہ بٹ خیل دیوان خیل کے علاقہ جات کا پرانے PK-28 سے ایک انچ باؤنڈری بھی نہیں ہے۔ اب UC کٹی گڑھی کو PK-48 میں شامل کرانے کے بعد دوفرلانگ باؤنڈری پشتِ پیشا پہاڑی کٹی گڑھی کنڈاؤ کی ہے۔ اور PK-55 سے شاہ بٹ خیل کی باؤنڈری ہوسئی، شاہ میلات، کوٹ پل سے لیکر عمر آباد، کریم کلے، غنوڈھیری، لنڈی شاہ تقریباً 9 کلومیٹر کے باڈر پر ہیں۔

۶۔ یہ کہ پرانے PK-27 نیو (PK-55) کی آبادی تین لاکھ بیس ہزار بنتی ہے۔ جو اب شاہ بٹ خیل PK-48 میں شامل کرنے کے بعد PK-55 سے بیس ہزار آبادی کم ہو کر تین لاکھ رہ جائیگی۔

۷۔ یہ کہ اگر تین لاکھ سے زائد آبادی کے حلقوں پر پابندی نہ ہو تو ضلع مردان اور پورے صوبہ میں چار لاکھ تک آبادی والے حلقے بھی بنے ہیں۔ مثلاً PK-54 کی 3 لاکھ 22 ہزار آبادی ہیں۔ تو PK-55 کی تین لاکھ بیس

ہزار پر اعتراض نہیں ہونا چاہئے۔ اگر PK-48 کی آبادی 2,75,000/- رہ جاتی ہے۔ تو پورے صوبے میں 2,75,000/- سے کم حلقے بھی ہیں۔

۸۔ یہ کہ UC پرخوڈھیری کو تقسیم کراکر دو ویلیج کونسلوں کو PK-55 اور دو ویلیج کونسلز شاہ بٹ خیل، دیوان خیل PK-48 میں شامل کیئے گئے ہیں۔ جو کہ ناانصافی ہے۔ کیونکہ ایک تحصیل کے ایک PK کو دوسرے تحصیل کے ایک PK سے دو ویلیج کونسل کاٹ کر مکمل کرنا ظلم کے مترادف ہے۔

۹۔ یہ کہ جغرافیائی طور پر شاہ بٹ خیل سرکل منسلکہ نقشہ دیکھ کر رائے قائم کی جاسکتی ہے۔ جو کہ جغرافیائی طور پر درست نہیں ہے۔

۱۰۔ یہ کہ شاہ بٹ خیل پٹوار سرکل میں 2 ویلیج کونسل ہیں۔ VC شاہ بٹ خیل اور VC دیوان خیل کے منتخب کونسلر نے اپنے اپنے اجلاس منعقد کراکر دستخط ثبت کر کے متفقہ فیصلے کیئے ہیں۔ کہ علاقہ کو PK-55 میں بحال رکھا جائے۔

(اجلاس کاروائی کاپیاں لف ہیں)

۱۱۔ یہ کہ علاقہ میں موجود تمام سیاسی پارٹیوں نے مشترکہ اجلاس منعقد کیا۔ جس میں تمام پارٹیوں کے نمائندہ گان کے علاوہ منتخب ضلعی کونسلر تحصیل کونسلر اور VC ناظمین و کونسلر نے شرکت کی۔ اور متفقہ طور پر شاہ بٹ خیل اور دیوان خیل کو PK-55 میں بحال رکھنے کا مطالبہ کیا۔ (دستخط شدہ کاروائی کاپی لف ہے)

۱۲۔ یہ کہ ضلع مردان میں کوئی نیا قومی یا صوبائی حلقہ کا اضافہ نہیں ہوا ہے۔

۱۳۔ یہ کہ پرانے حلقوں کی حد بندیوں پر کسی بھی سیاسی / سماجی لوگوں کا اعتراض نہیں ہے۔ اسلئے متفقہ ہم آنگی پر مبنی فیصلہ کو برقرار رکھ کر پرانے حلقہ بندیوں کو نہ چھیڑا جائے۔

۱۴۔ یہ کہ ضلع مردان کی کل آبادی 23,70,000/- ہے۔ اور صوبائی حلقے 8 ہیں۔

۱۵۔ یہ کہ اوسط آبادی فی حلقہ 2,96,000/- بنتی ہے۔

لہٰذا استدعا ہے کہ علاقہ پٹوار سرکل شاہ بٹ خیل UC پرخوڈھیری کی عوام، علاقہ اور ملک کے عظیم تر مفاد میں نئے PK-55 میں دوبارہ بحال رکھنے کی منظوری دے کر مشکور فرماویں۔

تحریر: 20/03/2018

03449168717 0342 4140943

شاہ بٹ خیل دیوان خیل بذریعہ ذکریا خان ناظم VC شاہ بٹ خیل، میرواس خان ناظم VC دیوان خیل

03449191...

فضل حکیم خان سابقہ چیئرمین ، اختر علی جنرل کونسلر، باور خان کسان کونسلر، حاجی محمد سماجی کارکن

حبیب رسول ڈسٹرکٹ کونسلر (پٹوار سرکل شاہ بٹ خیل پرخوڈھیری، تحصیل تخت بھائی ضلع مردان)

0342-9493192

۱۔	ضلع مردان کی کل آبادی	23,70,000(تائیس لاکھ ستر ہزار)
۲۔	کل صوبائی حلقہ جات	8عدد
۳۔	اوسط آبادی فی حلقہ	2,96,250(دولاکھ چھیانوے ہزار دوسو پچاس)
۴۔	5% کمی کی صورت میں PK-48 کی کم از کم آبادی	2,82,375(دولاکھ بیاسی ہزار تین سو پچھتر)
۵۔	موجودہ آبادی PK-48 شاہ بٹ خیل شامل ہوتے ہوئے آبادی PK 48 سے شاہ بٹ خیل علیحدہ ہونے کی صورت میں	2,95,000(دولاکھ پچانوے ہزار) 2,75,000 (دو لاکھ پچھتر ہزار
۶۔	PK-55 کی موجودہ آبادی	3,00,000(تین لاکھ)
۷۔	شاہ بٹ خیل کی بحالی کے بعد PK-55 کی آبادی	3,20,000(تین لاکھ بیس ہزار)
۸۔	متصل PK-54 کی آبادی	3,22,000(تین لاکھ بائیس ہزار)

آبادی ضلع مردان	23,70,000
آبادی PK-48	2,95,000
آبادی PK-49	3,07,000
آبادی PK-50	2,95,000
آبادی PK-51	2,89,000
آبادی PK-52	2,90,000
آبادی PK-53	2,92,000
آبادی PK-54	3,22,000
آبادی PK-55	3,00,000